فعال شوٹر

کیا کریں

NATIONAL TACTICAL OFFICERS ASSOCIATION

POLICE COUNTY OF FAIRFAX VIRGINIA 1742 FAIRFAX COUNTY VIRGINIA

NRF NATIONAL RETAIL FEDERATION

RILA RETAIL INDUSTRY LEADERS ASSOCIATION Retail's Future…Educate, Innovate, Advocate

ایمرجنسی نمبر

ایمرجنسی خدمات: 9-1-1

مقامی ایمرجنسی انفارمیشن لائن: _____

مقامی پولیس محکمہ: _____

مقامی فائر ڈیپارٹمنٹ: _____

مقامی اسپتال: _____

مقامی ایف بی آئی فیلڈ آفس: _____

فیسلٹی کی سیکورٹی: _____

فیسلٹی کا پتہ: _____

_____

_____

_____

فلور: _____ سوئیٹ / کمرہ: _____

دفتر #: _____ ایکسٹینشن۔ _____

فعال شوٹر کا پروفائل

فعال شوٹر وہ شخص ہے جو کسی محدود اور گنجان علاقے میں لوگوں کو ہلاک کرتا ہے یا ہلاک کرنے کی کوشش کرتا ہے؛ بیشتر حالات میں، فعال شوٹر آتشی ہتھیاروں کا استعمال کرتا ہے اور ہدف منتخب کرنے میں کسی پیٹرن یا طریقے کا استعمال نہیں کرتا۔

فعال شوٹر صورت حال قابل پیش گوئی نہیں ہوتی اور بڑی تیزی سے وقوع پذیر ہوتی ہے۔ عام طور پر، شوٹنگ روکنے اور متاثرین کو ہونے والے نقصان کو کم کرنے کے لیے قانون نافذ کرنے والوں کی فوری تعیناتی ضروری ہوتی ہے۔

چونکہ فعال شوٹر صورت حال اکثر 10 سے 15 منٹ کے اندر، قانون نافذ کرنے والوں کے موقع پر پہنچنے سے پہلے،ختم ہوجاتی ہے اس لیے لوگوں کو فعال شوٹر صورت حال سے نمٹنے کے لیے ذہنی اور جسمانی اعتبار سے تیار رہنا چاہیے۔

فعال شوٹر صورت حال سے نمٹنے کے لیے اچھے طریق کار

- اپنے ماحول اور ممکنہ خطرات سے ہوشیار رہیں۔
- جب آپ کسی بھی عمارت میں جائیں تو باہر نکلنے کے دو قریب ترین راستوں کو ذہن میں رکھیں۔
- اگر آپ دفتر میں ہوں تو وہیں رکے رہیں اور دروازہ بند کرلیں۔
- اگر آپ ہال میں ہوں تو کسی کمرے میں چلے جائیں اور دروازہ بند کرلیں۔
- آخری حربے کے طور پر، فعال شوٹر کو زیر کرنے کی کوشش کریں۔ جب شوٹر قریب ہو اور بھاگنا ممکن نہ ہو تو اگر آپ اسے بے بس کرنے کی کوشش کریں گےتو آپ کے زندہ رہنےکا امکان بڑھ سکتا ہے۔

911 پر کال کریں
جب ایسا کرنامحفوظ ہو!

جب کوئی فعال شوٹر آپ کے قریب ہو تو کیا کریں

جلدی سے اپنی زندگی بچانے کا سب سے معقول طریقہ سوچ لیں۔ یاد رکھیں فعال شوٹر صورت حال کے دوران اس بات کا امکان ہے کہ گاہک اور کلائنٹس بھی ویسا ہی کریں گے جیسا ملازمین اور مینیجرکرتے ہیں۔

1. بھاگ نکلیں

اگر بچ نکلنے کی راہ قابل رسائی ہے تو احاطے کو خالی کرنے کی کوشش کریں۔ ان باتوں کو یقینی بنائیں:

- بچ نکلنے کا راستہ اور منصوبہ ذہن میں رکھیں
- باہر نکل جائیں چاہے دوسرے آپ کے ساتھ آنے پر راضی ہوں یا نہ ہوں
- اپنا سامان پیچھے چھوڑدیں
- ممکن ہو تو دوسروں کی بھی بچ نکلنے میں مدد کریں
- لوگوں کو اس جگہ جانے سے روکیں جہاں فعال شوٹر ہو سکتا ہے
- اپنے ہاتھوں کو نمایاں رکھیں
- پولیس افسران کی ہدایات پر عمل کریں
- زخمیوں کو منتقل کرنے کی کوشش نہ کریں
- جب آپ محفوظ ہوجائیں تو 911 پر کال کریں

2. چھپ جائیں

اگر باہر نکلنا ممکن نہ ہو تو کسی ایسی جگہ چھپ جائیں جہاں فعال شوٹر کا آپ کو دیکھ لینے کا امکان کم ہو۔

یہ ضروری ہے کہ آپ کے چھپنے کی جگہ:

- فعال شوٹر کو نظر نہ آئے
- آپ کی سمت میں گولیاں چلائے جانے کی صورت میں آپ کو تحفظ فراہم کرسکے (جیسے کسی دفتر میں بند اور مقفل دروازہ)
- ایسی نہ ہو کہ آپ پھنس کر رہ جائیں یا جہاں سے باہر نکلنے کی کوئی صورت نہ ہو۔

آپ کے چھپنے کی جگہ فعال شوٹر کو داخل ہونے سے روکنے کے لیے:

- دروازہ بند کر لیں
- بھاری فرنیچر کے ذریعے دروازے پر رکاوٹ کھڑی کردیں

اگر کوئی فعال شوٹر آس پاس ہو تو:

- دروازہ بند کر لیں
- اپنے سیل فون اور/یا پیجر کی آواز بند کردیں
- آواز پیدا کرنے کے ہر ذریعے کو بند کر دیں (جیسے، ریڈیو، ٹیلی ویژن)
- بڑے سامان کے پیچھے چھپ جائیں (جیسے، الماری، میز)
- خاموش رہیں

اگر باہر نکلنا اور چھپنا ممکن نہ ہو:

- پرسکون رہیں
- اگر ممکن ہو تو فعال شوٹر کے مقام کے بارے میں پولیس کو مطلع کرنے کے لیے 911 ڈائل کریں
- اگر آپ خود بات نہیں کرسکتے تو لائن کو کھلا چھوڑ دیں تاکہ ڈسپیچر سن سکے

3. مقابلہ کریں

جب کوئی اور چارہ نہ ہو اور آپ کی زندگی کو یقینی طور پر خطرہ ہو تو گولیاں چلانے والے کا دھیان منتشر کرنے اور/یا اسے بے بس کرنے کی کوشش اس طرح کریں:

- اس کے خلاف جتنا ممکن ہو جارحانہ انداز اختیار کریں
- اس پر سامان پھینکیں اور سامان کو ہتھیار کی طرح استعمال کریں
- چلائیں
- اپنی کارروائی پوری ذمہ داری سے انجام دیں



قانون نافذ کرنے والوں کے پہنچنے پر کیا کریں

قانون نافذ کرنے والوں کا مقصد ہے کہ جلد از جلد فعال شوٹر کو روکا جائے۔ افسران سیدھے اس جگہ پہنچیں گے جہاں آخری بار گولیاں چلنے کی آواز سنائی دی تھی۔

- افسران عام طور پر چار چار کی ٹیم میں پہنچتے ہیں
- افسران عام گشتی وردیاں یا بیرونی بلٹ پروف جیکٹ، کیولر ہیلمیٹ اور دیگر ساز و سامان پہنے ہوئے ہوسکتے ہیں
- افسران رائفلوں، شاٹ گنوں، ہینڈ گنوں سے مسلح ہوسکتے ہیں
- افسران صورت حال کو کنٹرول کرنے کے لیے مرچ کا اسپرے یا آنسو گیس کا استعمال کر سکتے ہیں
- افسران چلاکر حکم دے سکتے ہیں اور لوگوں کی حفاظت کے پیش نظر انھیں زمین پر دھکیل سکتے ہیں

قانون نافذ کرنے والوں کے پہنچنے پر کیا کریں:

- پرسکون رہیں اور افسران کی ہدایات پرعمل کریں
- آپ کے ہاتھوں میں جو بھی سامان ہو اسے نیچے رکھ دیں (جیسے، بیگ، جیکٹ)
- فوری طور پر ہاتھ اٹھائیں اور انگلیاں کھول دیں
- ہاتھ ہر وقت اس طرح رکھیں کہ دکھائی دے سکیں
- افسران کی طرف تیزی سے نہ بڑھیں، جیسے حفاظت کے لیے انھیں نہ پکڑیں
- اشارہ کرنے، چیخنے اور/ یا چلانے سے پرہیز کریں
- باہر نکلتے وقت افسران سے مدد طلب کرنے یا راستہ پوچھنے کے لیے نہ رکیں، افسران جس راستے سے احاطے میں داخل ہو ئے ہوں اسی سمت آگے بڑھ جائیں

قانون نافذ کرنے والوں یا 911 آپریٹر کو دی جانے والی معلومات

- فعال شوٹر کا مقام
- شوٹروں کی تعداد، ایک سے زیادہ ہونے کی صورت میں
- شوٹر/شوٹروں کی جسمانی تفصیل
- شوٹر/شوٹروں کے پاس موجود ہتھیاروں کی قسم اور تعداد
- جائے واردات پر ممکنہ متاثرین کی تعداد

موقع پر پہلےپہنچنے والے افسران زخمی افراد کی مدد کرنے کے لیے نہیں رکیں گے۔ توقع رکھیں کہ اضافی افسران اور ہنگامی طبی اہلکاروں پر مشتمل امدادی ٹیمیں ابتدائی افسران کے بعد آئیں گی۔ یہ بچاؤ ٹیمیں زخمیوں کا علاج کریں گی اور انھیں وہاں سےہٹا لے جائیں گی۔ زخمیوں کو احاطے سے منتقل کرنے کے لیے وہ بعض تنومند و توانا افراد سے مدد بھی طلب کرسکتی ہیں۔

جب آپ کسی محفوظ جگہ یا مجتمع ہونے کی جگہ پر پہنچ جائیں تو ممکن ہے کہ قانون نافذ کرنے والے صورت حال پر قابو میں آنے تک، اور تمام گواہوں کی شناخت ہونے تک اسی جگہ روکے رکھیں۔ جب تک قانون نافذ کرنے والے حکام جانے کو نہ کہیں آپ وہاں سے نہ جائیں۔

فعال شوٹر صورت حال سے نمٹنے کے لیے آپ کے عملے کی تربیت

اپنے عملے کو فعال شوٹر صورت حال سے نمٹنے کے لیے بہتر طور سے تیار کرنے کے لیے ایمرجنسی ایکشن پلان (EAP) تیار کریں، اور تربیتی مشقیں منعقد کریں۔ بہم EAP اور تربیتی مشقیں مؤثر طریقے سے مذکورہ حالات سے نمٹنے اور زندگی کے اتلاف کو کم سے کم کرنے میں آپ کے عملے کو تیار کریں گی۔

ایمرجنسی ایکشن پلان (EAP) کے عناصر

اپنے انسانی وسائل کے شعبے سمیت متعدد فریقوں جیسے آپ کے شعبۂ تربیت (اگر موجود ہو)، فیسلٹی کے مالکان/آپریٹرز، آپ کے پراپرٹی مینیجر اور مقامی قانون نافذ کرنے والے اور/یا ہنگامی صورت حال سے نمٹنے والی ایجنسیوں کے مشورے سے EAP بنائیں۔ ایک مؤثر EAP میں درج ذیل امور شامل ہوتے ہیں:

- گولی باری اور دیگر ہنگامی حالات کی رپورٹنگ کے لیے ایک راجح طریقہ
- انخلاء کی پالیسی اور طریقہ کار
- ہنگامی طور پر بچ نکلنے کے طریقہ کار اور راستوں کی نشان دہی (جیسے فلور کی منصوبہ بندی، عمارت کے محفوظ حصے)
- EAP کے تحت افراد سے رابطے اور ان کی ذمہ داریوں کے متعلق معلومات
- مقامی علاقے کے ہسپتالوں کے بارے میں معلومات (جیسے، نام، ٹیلی فون نمبر اور آپ کے مقام سے دوری)
- ہنگامی حالات سے متعلق مختلف پارٹیوں کو چوکس کرنے کے لیے ایک ہنگامی اطلاعاتی نظام، بشمول:
  - احاطے کے اندر دور واقع مقامات پرموجود افراد
  - مقامی علاقے کے قانون نافذ کرنے والے
  - مقامی علاقے کے اسپتال

تربیتی مشقوں کے عناصر

فعال شوٹر صورت حال سے نمٹنے کی خاطر آپ کے عملے کی مؤثر تربیت کا سب سے اچھا طریقہ فرضی فعال شوٹر تربیتی مشقیں منعقد کرنا ہے۔ مقامی قانون نافذ کرنے والے تربیتی مشقوں کی تشکیل میں بہترین وسیلہ ثابت ہوتے ہیں۔

- گولیوں کی آواز پہچاننا
- جب گولیاں سنائی دے رہی ہوں اور/ یا شوٹنگ کا مشاہدہ کیا جائے تو فوری طور پر رد عمل کا اظہار کرنا:
  - بھاگ نکلنا
  - چھپ جانا
  - آخری حربے کے طور پر شوٹر سے مقابلہ کرنا
- 911 کو کال کرنا
- قانون نافذ کرنے والوں کے آنے پررد عمل کا اظہار
- بحران کے حالات میں زندہ بچ نکلنے کا ذہنی رویہ اختیار کرنا

فعال شوٹر صورت حال سے نمٹنے اور روکنے کے اضافی طریقے

- تیاری
  - اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کی فیسلٹی میں کم از کم دو انخلاء کے راستے ہوں
  - آپ کی فیسلٹی میں نمایاں مقامات پر انخلاء کے راستوں کے نقشے چسپاں کریں
  - تربیتی مشقوں کے دوران مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ابتدائی ایجنسیوں کو تربیتی مشقوں میں شامل کریں
  - آپ کے مقام پر فعال شوٹر واردات سے نمٹنے کی تربیت کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں، ایمرجنسی ایجنسیوں، SWAT ٹیموں، K-9 ٹیموں، اور بم اسکواڈ کی ترغیب دیں

- بچاؤ
  - کام کی جگہ کو ایسا بنائیں جہاں سب کا احترام کیا جائے
  - کام کی جگہ پر تشدد کی سمت اشارہ کرنے والی علامتوں سے ہوشیاررہیں اور حسب ضرورت اصلاحی اقدامات کریں

EAP تیار کرنے کے لیے مزید معلومات کے لیےامریکی شعبہ محنت، پیشہ ورانہ صحت اور حفاظتی انتظامیہ، www.osha.gov سے رابطہ کریں۔

فعال شوٹر صورت حال کی تیاری اور اس سے نمٹنا

آپ کے انسانی وسائل کے شعبے اور فیسلٹی کے مینیجروں کو فعال شوٹر صورت حال سمیت ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے منصوبہ بندی کرنی چاہیے۔ ذیل میں بیان کیے گئے میکنزم قائم کرکے ہنگامی حالات کی منصوبہ بندی سے واردات واقع ہونے کے امکانات کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

شعبہ انسانی وسائل کی ذمہ داریاں

- ملازموں کا انتخاب مؤثرانداز سے کریں اور ان کے پس منظر کی تحقیق کرلیں
- ممکنہ طور پر تشدد آمیز رویے کی علامات کی اطلاع دینے والا نظام بنائیں
- ملازموں کو کاؤنسلنگ خدمات مہیا کرائیں
- ایسا EAP بنائیں جس میں فعال شوٹر صورت حال سے نمٹنے کی پالیسیوں اور طریقوں نیز مابعد صورت حال کی منصوبہ بندی بھی شامل ہوں

فیسلٹی منیجر کی ذمہ داریاں

- انسٹی ٹیوٹ رسائی پرکنٹرول کرنا(جیسے، چابیاں، سیکورٹی نظام کے پاس کوڈ)
- مناسب مینیجروں / ملازمین کوبی نازک نوعیت کے سامان دیں، بشمول:
  - فلورز کے پلان
  - چابیاں
  - فیسلٹی کے اہلکاروں کی فہرست اور ٹیلی فون نمبر
- محل وقوع کی طبعی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے فیسلٹی کے حفاظتی شعبے سے تال میل بنائیں
- بحرانی کِٹس ترتیب دیں جن میں درج ذیل چیزیں شامل ہوں:
  - ریڈیو
  - فلور پلان
  - عملے کے روسٹر اور عملے کے ہنگامی رابطہ نمبر
  - ابتدائی طبی امداد کی کِٹس
  - فلیش لائٹس
- ہنگامی صورت حال سے نمٹنے والی ایجنسیوں کے لیے داخلی اور خارجی دروازوں پر ایسے فلور پلان لگائیں جنھیں اتارا جاسکے
- ہنگامی صورت حال پیدا ہونے کی صورت میں ہنگامی اطلاعاتی نظام کو فعال کردیں

فعال شوٹر صورت حال کے دوران مینیجروں کا ردعمل

فعال شوٹر صورت حال کے دوران اس بات کا امکان ہے کہ گاہک اور کلائنٹس بھی ویسا ہی کریں گے جیسا ملازمین اور مینیجرکرتے ہیں۔ کسی ہنگامی صورت حال میں، مینیجروں کو اپنے EAP سے واقف ہونا چاہیے، درج ذیل امور انجام دینے کے لیے تیار رہنا چاہیے:

- فوری کارروائی کریں
- پرسکون رہیں
- دروازے مقفل کردیں اور ان کے آگے رکاوٹ کھڑی کردیں
- عملے اور گاہکوں کا پہلے سے منصوبہ بند راستے کے ذریعے کسی محفوظ حصے میں انخلاء کردیں

خصوصی ضروریات والے اور / یا معذور افراد کی مدد کرنا

- یقینی بنائیں کہ EAPs، انخلاء کی ہدایات اور دیگر متعلقہ معلومات میں خصوصی ضروریات اور / یا معذور افراد کو ملحوظ رکھا جائے
- ADA کی ہدایات کی تعمیل میں، آپ کی عمارت معذور افراد کے لیے قابل رسائی ہونی چاہیے۔

کام کی جگہ پر ممکنہ تشدد کی شناخت

آپ کے کام کی جگہ پر کوئی فعال شوٹر موجودہ یا سابق ملازم، یا کسی موجودہ یا سابق ملازم کا واقف کار ہو سکتا ہے۔ سمجھ دار مینیجرز اور رفیق کار کسی ملازم میں ممکنہ طور پر تشدد آمیز رویے کے آثار کو محسوس کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو یقین ہے کہ کسی ملازم یا رفیق کار میں ممکنہ طور پر تشددآمیز رویہ پایا جاتا ہے تو انسانی وسائل کے شعبے کو چوکس کردیں۔

کسی ملازم میں ممکنہ تشدد کی علامات

ملازمین عام طور پر صرف ”ترشی سے بات“ نہیں کرتے بلکہ بتدریج ممکنہ طور پر تشدد آمیز رویے کے اظہار کے اشارے بھی دیتے ہیں۔ اگر ان رویوں کو شناخت کرلیا جائے تو بیشتر اوقات ان سے نمٹا اور ان کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ کسی ملازم کے ممکنہ طور پر پرتشدد طرز عمل میں ایک یا ایک سے زیادہ مندرجہ ذیل صفات شامل ہو سکتی ہیں (رویوں کی یہ فہرست جامع نہیں ہے، نہ ہی ان سے متشدد رحجانات کی تشخیص کرنا مطلوب ہے):

- شراب اور / یا غیر قانونی منشیات کے استعمال میں اضافہ
- غیرحاضری میں بلا توجیہ اضافہ؛ مبہم جسمانی شکایات
- ظاہری دیکھ ریکھ اور حفظان صحت پر توجہ میں نمایاں کمی
- افسردگی/ تنہائی پسندی
- پالیسی اور طریقہ کار میں تبدیلی پر حد درجہ ردعمل اور مزاحمت
- کمپنی کی پالیسیوں کی بار بار خلاف ورزی
- موڈ کی شدید تبدیلیوں میں اضافہ
- نمایاں طور غیر مستحکم یا جذباتی ردعمل
- بغیر کسی اشتعال کے غصے یا غصے کا دھماکہ خیز اظہار
- خودکشی کا مزاج، ”سب کو ٹھیک کردوں گا“ جیسے تبصرے
- ایسا طرز عمل جس سے دماغی خلل کا گمان ہو(”سب میرے خلاف ہیں“)
- گھر کے مسائل کے ذکر میں اضافہ
- کام کی جگہ میں گھریلو مسائل کے ذکر میں اضافہ؛ شدید مالی مسائل کی باتیں کرنا
- تشدد کے گزشتہ واقعات کے بارے میں باتیں کرنا
- ایسے افراد کے ساتھ اظہار ہم دردی جنھوں نے تشدد کا ارتکاب کیا ہو
- آتشی ہتھیاروں، اور دیگر خطرناک ہتھیاروں اور پرتشدد جرائم کے بارے میں بلاتحریک رائے زنی میں اضافہ

فعال شوٹر صورت حال کے نتیجے میں پیدا شدہ حالات سے نمٹنا

فعال شوٹر کو بے بس کیے جانے کے بعد اور جب اس کا خطرہ باقی نہ رہے، انسانی وسائل اور / یا انتظامیہ کو مابعد سانحہ جائزوں اور سرگرمیوں کو انجام دینا چاہیے، بشمول:

- تمام افراد کا کسی متعینہ جگہ پر جائزہ لینا اور معلوم کرنا کہ کون،لاپتہ ہے، اگر کوئی ہے اور کون ممکنہ طور پر زخمی ہوا ہے۔
- فعال شوٹر کے ذریعے متاثرہ افراد کے خاندان والوں، کو مطلع کرنے، بشمول جانی نقصان کی اطلاع دینے کے طریقے کا تعین کرنا
- جائے وقوعہ پر موجود افراد کی نفسیاتی حالت کا جائزہ لینا اور حسب ضرورت انھیں ماہرین صحت کے پاس بھیجنا
- فعال شوٹر کے نتیجے میں ادارے میں در آنے والے اہم اہلکاروں اور انتظامی خلا کو شناخت کرنا اور انھیں پُرکرنا

ہم نے کیا سیکھا

مستقبل میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے موثر منصوبہ بندی کی خاطر یہ ضروری ہے کہ حالیہ فعال شوٹر صورت حال کا تجزیہ کیا جائے اور مابعد سانحہ رپورٹ تیار کی جائے۔ مذکورہ رپورٹ میں شامل تجزیہ اور رپورٹنگ درج ذیل امور میں مفید ہوتی ہے:

- ردعمل کی سرگرمیوں کے لیے دستاویز کے طور پر کام دینے کے لیے
- سانحہ کے دوران کامیابیوں اور ناکامیوں کی نشاندہی کرنے کے لیے
- موجودہ EAP کی اثر پذیری کا تجزیہ فراہم کرنے کے لیے
- EAP میں اصلاحات کی خاطر منصوبے کی توضیح اور تعریف کے لیے

حوالہ جات

مسلح اداروں کے لیے حفاظتی ہدایات: فعال شوٹر صورت حال، انڈیانا یونیورسٹی پولیس ڈیپارٹمنٹ، اپریل 2007۔

کیمپس میں واقع ہونے والے ممکنہ ”فعال شوٹر“ واقعات کے سلسلے میں سیفٹی کی تجاویزاور رہنما خطوط، یونیورسٹی آف کیلی فورنیا پولیس۔

گولیاں چلیں جب بجلی کڑکی (DVD)، مرکز برائے ذاتی تحفظ اور سلامتی، 2007۔

ورک پلیس وائلنس ڈیسک ریفرینس، سیکورٹی مینجمنٹ گروپ انٹرنیشنل، دیکھیے ورلڈ وائڈ ویب۔ www.SMGICorp.com

کام کی جگہ ہنگامی حالات اور انخلاء کی منصوبہ بندی کیسے کریں، امریکی محکمہ محنت، پیشہ ورانہ صحت اور حفاظتی انتظامیہ، 2001،OSHA 3088۔

ہ برائے داخلی‌ہکی محکیسلامتی امر

Washington, DC 20528

cfsteam@hq.dhs.gov

www.dhs.gov/active-shooter-preparedness